پیدایش کی کتاب سے مکاشفہ تک

بہت پیار کرنے والے باپ کا اظہارِ محبت، جس سے اولاد کو اعتماد اور یقین کی لازوال طاقت ملتی ہے۔ اِس محبت کا اِظہار خدائے بزرگ و برتر نے کئی بار کیا ہے۔
یہ محبت جو زندگی بدل دے گی، روح اور جسم کے رشتے کی مانند ہے۔

قادرِ مُطلق باپ کا محبت بھرا خط۔ آپ کے لئے خدا کا ذاتی پیغام

میرے فرزند! ہوسکتا ہے تم مجھے نہ جانتے ہو، لیکن میں تمہارے بارے سب کچھ جانتا ہوں۔ زبور ۱۳۹:۱ ؛ میں تمہارا اُٹھنا بیٹھنا جانتا ہوں۔ زبور ۱۳۹:۲ ؛ میں تمہاری سب روشوں سے واقف ہوں۔ زبور ۱۳۹:۳ ؛ حتیٰ کہ تمہارے سر کے بال تک گنے ہُوئے ہیں۔ متی ۱۰:۲۹۔۳۱ ؛ کیوں کہ تم میری صورت پر بنائے گئے ہو۔ پیدایش ۱:۲۷ تم مجھ میں جیتے، حرکت کرتے اور موجود ہو۔ اعمال ۱۷:۲۸ ؛ کیوں کہ تم میری نسل ہو۔ اعمال ۱۷:۲۸ ؛ رحم میں ڈالنے سے پیشتر میں تمہیں جانتا تھا۔ یرمیاہ ۱:۴۔۵ میں نے تمہیں تخلیق کے منصوبے سے پہلے ہی چُن لیا تھا۔ افسیوں ۱:۱۱۔۱۲ ؛ تمہاری پیدایش کوئی خطا نہ تھی، کیوں کہ تمہارے سارے ایام میری کتاب میں درج ہیں۔ زبور ۱۳۹:۱۵۔۱۶ ؛ میں نے تمہاری زندگی کے ایام مقرر کئے اور سکونت کے لئے حدوں کا تعین کیا۔ اعمال ۱۷:۲۶ ؛ تم عجیب طور سے بنائے گئے ہو۔ زبور ۱۳۹:۱۴ میں نے تمہاری ماں کے رحم میں تمہیں صورت بخشی۔ زبور ۱۳۹:۱۳ ؛ اور تمہاری پیدایش کے دن تمہیں پیدا کیا۔ زبور ۷۱:۶ ؛ جو مجھے نہیں پہچانتے اُنہوں نے مجھے غلط پیش کیا ہے۔ یوحنا ۸:۴۱۔۴۴ ؛ میں تم سے دُور یا ناراض نہیں ہوں، بلکہ محبت کا کامل اظہار ہوں۔ ۱۔یوحنا ۴:۱۶ ؛ اور میری خواہش ہے کہ میں کثرت سے اپنی محبت تم پر انڈیل دوں۔ ۱۔یوحنا ۳:۱ ؛ محض اِس لئے کہ تم میرے فرزند ہو اور میں تمہارا باپ ہوں۔ ۱۔یوحنا ۳:۱ ؛ میں تمہیں دنیاوی باپ سے بھی زیادہ پیار دینا چاہتا ہوں متی ۷:۱۱ ؛ اِس لئے کہ میں کامل باپ ہوں۔ متی ۵:۴۸ ؛ ہر ایک اچھی بخشش جو تمہیں ملتی ہے وہ میرے ہی ہاتھوں سے آتی ہے۔ یعقوب ۱:۱۷ ؛ کیوں کہ میں تمہیں مہیا کرنے والا ہوں اور تمہاری ہر ضرورت کو پورا کرتا ہوں۔ متی ۶:۳۱۔۳۳ ؛ تمہارے حق میں میرے منصوبے ہمیشہ تمہیں اُمید اور درخشاں مستقبل بخشیں گے۔ یرمیاہ 11:29 کیوں کہ میں تم سے ابدی محبت رکھتا ہوں۔ یرمیاہ ۳۱:۳ ؛ تمہارے لئے میرے خیالات سمندر کی ریت کے ذرّوں سے بھی زیادہ ہیں۔ زبور ۱۳۹:۱۷۔۱۸ ؛ اور میں گیتوں کے سبب تم سے خوش ہوتا ہوں۔ صفنیاہ ۳:۱۷ ؛ اور ہمیشہ تمہاری بھلائی کرتا رہوں گا۔ یرمیاہ ۳۲:۴۰ ؛ کیوں کہ تم میری خاص مِلکیت ہو۔ خروج 5:19 میں اپنے سارے دل و جان سے تمہیں قائم کرنا چاہتا ہوں۔ یرمیاہ ۳۲:۴۱ ؛ اور میں تمہیں نہایت غیر معمولی اور پوشیدہ باتیں بتانا چاہتا ہوں۔ یرمیاہ ۳۳:۳ اگر تم پورے دل سے میری جستجو کرو گے تو مجھے پاؤ گے۔ استثنا ۴:۲۹ ؛ مجھ میں مسرور رہو میں تمہاری دِلی مرادیں پوری کروں گا۔ زبور ۳۷:۴ ؛ کیوں کہ میں ہی اِن خواہشات کو تمہارے دِل میں پیدا کرتا ہوں۔ فلپیوں ۲:۱۳ ؛ میں تمہارے لئے تمہاری سوچ سے کہیں زیادہ کرسکتا ہوں۔ افسیوں ۳:۲۰ ؛ کیوں کہ میں تمہیں سب سے زیادہ تسلی دینے والا ہوں۔ ۲۔تھسلنیکیوں ۲:۱۶۔۱۷ ؛ میں ہی وہ باپ ہوں جو تمہاری ساری مصیبتوں میں تسلی دیتا ہوں۔ ۲۔کرنتھیوں ۱:۳۔۴ ؛ جب تم شکستہ دل ہوتے ہو تو میں تمہارے قریب ہوتا ہوں۔ زبور ۳۴:۱۸ ؛ جیسے چرواہا، اپنے برّوں کو اپنی باہوں میں سمیٹتا ہے ویسے ہی میں تمہیں اپنے سینے کے قریب رکھتا ہوں۔ یسعیاہ ۴۰:۱۱ ایک دن میں تمہاری آنکھوں کے سارے آنسو پونچھ دوں گا۔ مکاشفہ ۲۱:۳۔۴ ؛ اور میں تمہارے ہر درد کو جو اِس دُنیا میں تم نے سہا ہے ختم کر دوں گا۔ مکاشفہ ۲۱:۳۔۴ میں تمہارا باپ ہوں اور اِسی طرح تم سے محبت رکھتا ہوں جیسے اپنے بیٹے یسوع سے رکھی۔ یوحنا ۱۷:۲۳ ؛ کیوں کہ یسوع میں میری محبت تم پر ظاہر ہوئی۔ یوحنا ۱۷:۲۶ وہ میری صورت کا عین نقش ہے۔ عبرانیوں ۱:۳ ؛ وہ یہ دکھانے آیا کہ میں تمہاری طرف ہوں، تمہارا مخالف نہیں۔ رومیوں ۸:۳۱ ؛ اور تمہیں بتا سکوں کہ میں نے تمہیں تمہاری تقصیروں کا ذمہ دار نہیں ٹھہرایا۔ ۲۔کرنتھیوں ۵:۱۸۔۱۹ ؛ یسوع اِس لئے مَرا کہ تمہارا اور میرا میل ملاپ ہو سکے۔ ۲۔کرنتھیوں ۵:۱۸۔۱۹ ؛ اُس کی موت تمہارے لئے میری محبت کا بنیادی اظہار ہے۔ ۱۔یوحنا ۴:۱۰ ؛ میں نے تمہاری محبت پانے کے لئے اپنی ہر ایک عزیز چیز نچھاور کر دی۔ رومیوں ۸:۳۱۔۳۲ ؛ اگر تم میرے بیٹے یسوع کے تحفے کا اقرار کرتے ہو تو میرا ہی اقرار کرتے ہو۔ ۱۔یوحنا ۲:۲۳ ؛ اور پھر کوئی شے بھی تمہیں میری محبت سے جدا نہ کر سکے گی۔ رومیوں ۸:۳۸۔۳۹ ؛ گھر واپس لوٹ آؤ میں تمہارے لئے آسمان میں ایک شان دار خوشی مناؤں گا۔ لوقا ۱۵:۷ ؛ میں ازل سے تمہارا باپ تھا اور ابد تک باپ رہوں گا۔ افسیوں ۳:۱۴۔۱۵

میرا سوال یہ ہے، کیا تم میرے فرزند بنو گے؟ یوحنا ۱:۱۲۔۱۳ ؛ میں تمہارا انتظار کر رہا ہوں۔ لوقا ۱۵:۱۱۔۳۲۔

تمہارا پیارا قادرِ مُطلق باپ

☆☆☆